# مجلس سے اٹھنے سے پہلے کا وظیفہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

لمبی نشست سے اٹھنے سے پہلے ذکر اللہ اور درود پاک پڑھا جائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَیُّمَا قَوْمٍ جَلَسُوْا فَاَطَالُوْا، ثُمَّ تَفَرَّقُوْا قَبْلَ اَنْ یَّذْکُرُوْا اللہَ عَزَّ وَجَلَّ وَیُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّھِمْ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَتْ عَلَیْھِمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ تِرَۃً، اِنْ شَاءَ عَذَّبَھُمْ، وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَھُمْ

ترجمہ:

جو لوگ کسی مجلس میں دیر تک بیٹھے، پھر وہ اللہ عزوجل کا ذکر کیے اور اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے بغیر ہی (وہاں سے) جدا ہو گئے، تو قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لیے حسرت کا سبب بنے گی، پھر (معاملہ اللہ کے سپرد ہے) اگر وہ چاہے گا، تو انہیں عذاب دے گا، اور اگر چاہے گا تو انہیں معاف فرما دے گا۔ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی، صفحہ 398، رقم الحدیث: 449، مطبوعہ دار القبلۃ للثقافۃ الاسلامیۃ، بیروت)